
# پانی سے متعلق ہدایت نامہ برائے مالک مکان
# ٹوائیلیٹ کے رساؤ اور مرمت کا کام

ہمارے گھروں کے تمام آلات میں، **ٹوائیلیٹ میں سب سے زیادہ پانی استعمال ہوتا ہے۔** ٹوائیلیٹ گھرانے کے رساؤ کے لیے سب سے زیادہ عام وجہ بھی ہوتے ہیں۔ پرانے، زیادہ بہاؤ والے ٹوائیلیٹ کو کم بہاؤ والے ماڈل سے بدلنا اور برابر رساؤ کی جانچ اور مرمت کرنا آپ کے گھرانے کے پانی کے استعمال کو کم کرنے کا ایک اہم حصہ ہیں۔

چوں کہ ہم – رساؤ میں ضائع ہونے والے پانی سمیت – اس تمام پانی کے لیے ادائیگی کرتے ہیں جو ہمارے گھروں میں استعمال ہوتا ہے اس لیے مالکان مکان کو کم سے کم ہر چھ مہینے میں ایک بار مسائل کے لیے اپنے ٹوائیلیٹ کی جانچ کرنی چاہیے۔ ایسا پانی کے استعمال میں ہونے والی غیر واضح تبدیلیوں کے لیے پانی کے بلوں کا جائزہ لیتے ہوئے، پانی کے میٹرز کو گھرانے کے رساؤ کا پتہ لگانے کے آلہ کے طور پر استعمال کرتے ہوئے اور لیکی ٹوائیلیٹ ٹیسٹ کراتے ہوئے کیا جا سکتا ہے (جیسا کہ اگلے کچھ صفحات میں وضاحت کی گئی ہے)۔


## کیا آپ جانتے ہیں؟

کسی ٹوائیلیٹ کے فلیپر کے نیچے پھنسی ہوئی چین پانی کے بہنے کے لیے ایک خلا چھوڑ دے گی اور اس سے 3 کیوبک میٹر ماہانہ پانی ضائع ہو سکتا ہے۔ کسی ٹوٹے یا گھسے ہوئے فلیپر سے 450 کیوبک میٹر پانی ضائع ہو سکتا ہے۔ اگر ٹوائیلیٹ کے ٹینک میں پانی کی سطح بہت اونچی ہے تو اوورفلو ٹیوب میں پانی مسلسل بہے گا، یا اگر فلیپر پوری طرح اٹھا ہوا ہے تو اس سے 1,200 کیوبک میٹر ماہانہ پانی ضائع ہو سکتا ہے۔ **ان رساؤوں سے $9.00 ماہانہ سے $4000.00 ماہانہ سے زاید تک لاگت آسکتی ہے۔** آپ **calgary.ca/waterleaks** پر رساؤ کے حجم اور لاگت کے بارے میں مزید جانکاری حاصل کر سکتے ہیں۔



# ٹوائیلیٹ کے رساؤ تلاش کرنا اور مرمت کرنا

بازار میں مختلف فلوٹس اور والو سیلنگ کے انتظامات والے متعدد قسم کے ٹوائیلیٹ پائے جاتے ہیں، لیکن انتظام سے قطع نظر، **رساؤ عموما ایک ہی جیسی وجوہات کی بنا پر ہوتا ہے۔**




## کیا آپ جانتے ہیں؟

زیادہ بڑے رساؤ، جیسے ٹوائیلیٹ سے پانی بہنا، قابل سماعت ہو سکتے ہیں اور ان کا پتہ لگانا زیادہ آسان ہو سکتا ہے، **لیکن ٹوائیلیٹ کے بہت سے رساؤ خاموش ہوتے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ لمبی مدت تک ان پر نظر نہ پڑ سکے۔**


## مرحلہ 1: کسی ممکنہ رساؤ کی جگہ کی تعیین کریں

- ☐ واٹر لائن پر نظر ڈالیں۔ اگر یہ اوورفلو ٹیوب کے نیچے ہے تو **مرحلہ 2** کی طرف جائیں۔
- ☐ اگر پانی بہہ کر اوورفلو ٹیوب میں جا رہا ہے تو **مرحلہ 5** کی طرف جائیں۔
- ☐ کیا آپ کے پاس دوہرے فلش والا ٹوائیلیٹ ہے؟ **مرحلہ 2** میں لیکی ٹوائیلیٹ ٹیسٹ مکمل کریں، پھر ذیل میں دئے گئے **دوہرے فلش والے ٹوائیلیٹ** سے متعلق ہدایات پر عمل کریں۔

## مرحلہ 2: رساؤ کی وجہ تلاش کریں

یہ معلوم کرنے کے لیے لیکی ٹوائیلیٹ ٹیسٹ کریں کہ آیا آپ کا ٹوائیلیٹ لیک کر رہا ہے۔

- ☐ **A.** ٹینک کا ڈھکن ہٹائیں۔
- ☐ **B.** ٹوائیلیٹ کے ٹینک میں کھانے کے رنگ (یا دیگر رنگ کے سیال کے کئی قطرے جو آپ کے گھر میں موجود ہوں جیسے کافی یا چائے) ڈالیں۔
- ☐ **C.** 15-20 منٹ انتظار کریں۔
- ☐ **D.** بول میں دیکھیں۔ اگر پانی کا رنگ بدل جاتا ہے تو آپ کو رساؤ مل چکا ہے۔




اگر رنگین پانی 15-20 منٹ بعد بول میں نظر آتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے ٹوائیلیٹ کا والو رس رہا ہے۔ **مرحلہ 3 کی طرف جائیں۔**

کیا بول میں کوئی رنگین سیال منتقل نہیں ہوا تھا؟ مسئلہ ٹوائیلیٹ کے فلش کا ہینڈل ہو سکتا ہے۔ **مرحلہ 4 کی طرف جائیں۔**

## مرحلہ 3: فلیپر کی مرمت کریں

ٹوائیلیٹ کے رساؤ کے لیے عام طور پر گھسا ہوا فلیپر سب سے زیادہ ذمہ دار ہوتا ہے۔ رنگین سیال کی جانچ کے علاوہ، آپ کے یہ جاننے کے دیگر طریقے بھی ہیں کہ آیا آپ کا فلیپر بدلے جانے کے لیے تیار ہے۔ بس فلیپر کے نچلے حصہ کو اپنی انگلی سے ملیں۔ اگر آپ کو ربر کی دھاریاں نظر آتی ہیں تو یہ بدلے جانے کے لیے تیار ہے۔ اگر فلیپر نرم اور لچک دار ہوا کرتا تھا، لیکن ابھی یہ سخت ہے تو اسے بدلنے کا وقت آگیا ہے۔

- ☐ والو پر پانی بند کر دیں۔ یہ عام طور پر پیچھے کی دیوار پر یا ٹوائیلیٹ کے بغل میں ہوتا ہے۔
- ☐ اس پانی کو فلش کر دیں جو ٹینک میں ہے اور اس فلیپر چین کی لمبائی دیکھیں جو ہینڈل اور فلیپر سے منسلک ہے۔ (یاد رکھیں یہ لمبائی اس وقت آپ کا وقت بچائے گی جب آپ نیا فلیپر لگائیں گے۔
- ☐ پرانے فلیپر کو نکال دیں، ٹوائیلیٹ میں نیا فلیپر لگائیں اور چین کی لمبائی کو اسی طرح ہم آہنگ کر دیں جس طرح وہ اس سے پہلے تھا جب آپ نے پرانا فلیپر نکالا تھا۔
- ☐ گھساؤ اور معدنیات کے جماؤڑے کے لیے والو کی سیٹ کی جانچ کریں اور اگر ضروری ہو تو صاف کر دیں۔ والو کی سیٹ کو خشک کریں اور باریک سینڈ پیپر سے گھس کر اسے ہموار کر دیں۔ دھیان رکھیں کہ کوئی نقصان نہ پہنچے یا ایسی بڑی خراش نہ لگنے پائے جو مزید رساؤ کا سبب بن سکے۔
- ☐ سپلائی لائن پر پانی چالو کریں اور یہ یقینی بنانے کے لیے دوبارہ لیکی ٹوائیلیٹ ٹیسٹ کریں کہ آیا رساؤ کی مرمت ہو چکی ہے۔



**فلیپروالو:** ٹوائیلیٹ کے رساؤ کے لیے سب سے زیادہ ذمہ دار۔

## کچھ معاون مشورے:

- ہر 5-3 سالوں میں فلیپرز بدل دیں کیوں کہ وقت کے ساتھ وہ گھس جائیں گے، ٹیڑھے ہو جائیں گے اور ٹوٹ جائیں گے۔
- جان لیں کہ ٹائم-رلیزڈ ٹوائیلیٹ بول کلینرز جو آپ کے ٹینک میں بیٹھ جاتے ہیں - بجائے فلش-ریلیزڈ والوں کے - آپ کے ٹوائیلیٹ کی خرابی کو تیز تر کر سکتے ہیں اور رساؤ کا سبب بن سکتے ہیں۔ اگر آپ یہ مصنوعات استعمال کرتے ہیں تو رساؤ کے لیے اپنے ٹوائیلیٹ کی اور زیادہ جانچ کریں۔
- آپ کے ٹوائیلیٹ کے ٹینک میں کلورین یا صفائی کی دیگر مصنوعات کا استعمال آپ کے فلیپر کی زندگی کا عرصہ گھٹا سکتا ہے۔
- مناسب متبادل پرزہ تلاش کرنے میں اپنی مدد کے لیے، ٹوائیلیٹ کا پرانا پرزہ اسٹور میں ہمیشہ اپنے ساتھ لے جائیں۔



یہ معلومات آپ کے فائدے کے لیے فراہم کی جا رہی ہے۔ **اگر آپ یہ ترتیبات انجام دینے میں اطمینان نہیں محسوس کرتے ہیں تو برائے مہربانی کسی پلمبر کی خدمات حاصل کریں۔** شہر کالگیری غلط طرح کے مرمت کے کام کی وجہ سے ہونے والے کسی نقصان کے لیے ذمہ دار **نہیں** ہوگا۔



19-000246



اگر ٹینک میں پانی کی سطح بہت زیادہ اونچی ہے تو یہ اوورفلو ٹیوب کے اوپر مسلسل چھلک سکتا ہے۔ پانی کی صحیح سطح اوورفلو ٹیوب کے اوپری حصہ سے تقریباً **1.5** تا **2.5 سینٹی میٹر نیچے ہے۔**

## مرحلہ 4: چین اور/یا فلش کے ہینڈل کی مرمت کریں

**کیا آپ کے ٹوائیلیٹ سے پانی بہتا رہتا ہے سوائے اس کے کہ آپ دھیرے دھیرے ہینڈل چلاتے رہیں؟** اس چین کو جو فلیپر کو کنٹرول کرتا ہے اس طرح ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے کہ فلیپر والو کی سیٹ پر ٹھیک سے بیٹھ جائے۔ چین کسی چیز پر پھنس بھی سکتا ہے یا اس میں کچھ ٹیڑھاپن ہو سکتا ہے، جو کبھی کبھی رساؤ کا سبب بن سکتا ہے جو اس وقت خود بخود ٹھیک ہو سکتا ہے جب دوبارہ ٹوائیلیٹ فلش کیا جاتا ہے۔

- ☐ چین کو ٹھیک کرنے کے لیے، پہلے اسے صاف کریں اور دھیان رکھیں کہ یہ بہت زیادہ لمبا یا بہت زیادہ چھوٹا نہ ہو تاکہ فلیپر صحیح پوزیشن میں رہے۔
- ☐ اگر چین میں ٹیڑھاپن ہے تو یہ کسی بال-ٹائپ چین سے بدل دیا جانا چاہیے۔
- ☐ اگر ضرورت ہو تو ٹرپ لیور کو ٹھیک سے ہم آہنگ کرنے کے لیے وہ نٹ ٹائٹ کر دیں جو ٹوائیلیٹ کے ہینڈل کو پکڑے رہتا ہے۔
- ☐ اگر اس سے کام نہیں چلتا ہے تو ہینڈل کو بدلنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔
- ☐ چین یا ہینڈل بدلنے سے پہلے والو پر پانی بند کرنا نہ بھولیں۔

## مرحلہ 5: اوورفلو ٹیوب/پانی کی سطح بہت اوپر ہے:

**اگر ٹینک میں پانی کی سطح بہت اوپر ہے تو یہ، ایک بڑا رساؤ پیدا کرتے ہوئے، اوورفلو ٹیوب کے اوپر مسلسل چھلک سکتا ہے۔** پانی کی صحیح سطح اوورفلو ٹیوب کے اوپری حصہ سے تقریباً 1.5 تا 2.5 سینٹی میٹر نیچے ہے۔

### اپنے ٹینک کے پانی کی سطح نیچی کریں


- ☐ پانی کی سطح اوورفلو ٹیوب سے ایک یا دو سینٹی میٹر نیچے کرنے کے لیے اسکرو کو گھڑی کی سمت میں ہم آہنگ کرتے ہوئے فلوٹ راڈ کو گھمائیں۔
- ☐ اگر آپ کے پاس فلوٹ بال ہے تو آپ دھاتی فلوٹ کے بازوؤں کو نرمی سے موڑ بھی سکتے ہیں یا دھاتی ایڈجسٹنگ راڈ کے ساتھ لگے فلوٹ کپ کو ہم آہنگ کر سکتے ہیں۔
- ☐ اسکرو کو بدل دیں، اگر یہ گھسا ہوا ہے یا اس پر دھاریاں پڑ گئی ہیں۔
- ☐ ہم آہنگ کرنے کے بعد یہ دیکھنے کے لیے فلش کریں کہ آیا پانی مناسب سطح پر رکتا ہے۔
- ☐ یقینی بنائیں کہ ریفل ٹیوب ٹھیک سے اوورفلو ٹیوب کے اندر ہو، پانچ سینٹی میٹر سے زیادہ گہرائی میں نہ ہو (اگر پانی کی سطح بہت نیچے ہے تو ہو سکتا ہے آپ کو مؤثر فلش نہ مل سکے)۔
- ☐ اگر اس سے آپ کے پانی کی سطح نیچی نہیں ہوتی ہے تو فلوٹ پانی سے بھرا ہوا ہو سکتا ہے اور بدلنے کی ضرورت ہو سکتی ہے یا فلوٹ اسمبلی کو بدلنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ کچھ ٹوائیلیٹ میں فلوٹ بال ہوتا ہے، کچھ دیگر میں فلوٹ کپ ہوتا ہے اور پانی کی سطح کو ہم آہنگ کرنے کا طریقہ مختلف ہو سکتا ہے۔ اپنے خصوصی ماڈل سے متعلق تفصیلات اور ہدایات کے لیے ٹوائیلیٹ کے صانع کی ویب سائٹ دیکھیں۔

## دوہرے فلش والے ٹوائیلیٹ

جب کوئی دوہرے فلش والا ٹوائیلیٹ رس رہا ہو تو عام طور پر اس کے لیے مرکزی کنستر کے بیس میں گھسی ہوئی فلش والو کی سیل ذمہ دار ہوتی ہے۔ پرانے پرزوں کو نکالنے کے لیے صانع کی ہدایات پر عمل کریں۔ **بہت سے صانعین اپنی ویب سائٹوں پر مرمت سے متعلق ویڈیوز رکھتے ہیں،** جو آپ کو ان قطعی پرزوں کے بارے میں بتائیں گی جن کی آپ کو اپنے مخصوص ماڈل کی مرمت کرنے کے لیے ضرورت ہے۔ کچھ پرزے کٹ میں آتے ہیں، اور کچھ دیگر علیحدہ فروخت کیے جاتے ہیں۔

**مرمت کے کام شروع کرنے سے پہلے، درج ذیل چیزیں نہ بھولیں:**

- ☐ اپنے ٹوائیلیٹ کی واٹر سپلائی بند کر دیں، جو عام طور پر پیچھے کی دیوار پر یا ٹوائیلیٹ کے بغل میں ہوتی ہے۔
- ☐ ٹینک میں پانی فلش کریں۔




## ابھی بھی ہائی فلش والا ٹوائیلیٹ رکھتے ہیں؟

اپنے پرانے ٹوائیلیٹ کو زیادہ کارگزاری والے سے بدلنے کے بارے میں غور کریں جو پانی اور آپ کے بل میں پیسے دونوں بچاتا ہے۔ ایک پرانا ٹوائیلیٹ ایک فلش میں 20-13 **لیٹر پانی فلش کر سکتا ہے،** کسی **WaterSense** کے لیبل والے ٹوائیلیٹ کے بالمقابل جو **ایک فلش میں اوسطا 4.8 لیٹر** استعمال کرتا ہے۔



**تلاش کریں**

**WaterSense** کے لیبل والے ٹوائیلیٹس میں فلش کے ایک مکینزم والے اور اسی طرح کئی مختلف دوہرے فلش والے ماڈلز کے ساتھ زیادہ کارگزاری، زیادہ کارکردگی والے ٹوائیلیٹ شامل ہیں، (جو ایک پختہ فلش کے لیے زیادہ مقدار میں اور سیال فلش کے لیے کم مقدار میں پانی استعمال کرتے ہیں۔

آپ کو **WaterSense** کے لیبل والے ٹوائیلیٹ ہر ہارڈویئر اسٹور میں ایسی متعدد قیمتوں میں مل سکتے ہیں جو آپ کے بجٹ کے لیے موزوں ہوں۔ بس باکس پر **WaterSense** کا لوگو تلاش کریں اور پیسے بچانا شروع کر دیں!

## کیا آپ جانتے ہیں؟

ان تمام نئے گھروں، اور اسی طرح رہائشی اور تجارتی تعمیراتی تجدیدی منصوبہ جات سے، جنہیں پلمبنگ کے اجازت نامہ کی ضرورت ہے، **مطلوب ہے کہ وہ واٹر یوٹیلیٹی بائی لاء کے مطابق کم پانی** استعمال کرنے والے فکسچرز لگوائیں۔ ٹوائیلیٹس (بول اور ٹینک) کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایک فلش میں چھ لیٹر (1.6 یو ایس گیلن) سے زیادہ پانی استعمال کرنے والے نہ ہوں۔

مزید معلومات کے لیے، **calgary.ca/waterleaks** دیکھیں



19-0002046